دوسرا سمسٹر II Semester	D.El.Ed Regular ڈی۔ایل۔ایڈ (ریگولر)	جولائی 2022

پرچہ : وقوف اور اکتساب

Paper - DLED211CCT : Cognition and Learning

جملہ نشانات : 35 Maximum. Marks — Time : وقت : 2 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 05 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 01 نمبر مختص ہے۔ **(5 x 1 = 5 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 04 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 4 = 20 Marks)**
3. حصہ سوم میں 02 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 01 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(1 x 10 = 10 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ٹیچر نے ایک شکل کے خاکے کے جزوی حصوں کو دکھایا اور طالب علم نے اس کی شناخت مربع کے طور پر کی۔ خلا کو پر کرنے کے اس رجحان کو کہا جاتا ہے؟

(a) تسلسل (Continuity) (b) اختتامی (Closure) (c) پرگنانز (Pragnanz) (d) قربت (Proximity)

(ii) مابعد وقف (Meta Cognition) کو پیش کرنے والا۔

(a) Flavell (b) Kolb (c) Novak (d) Ausubel

(iii) ایل۔ایم۔ٹرمن کے مطابق ذہانت سے مراد:

(a) اپنے کردار کو مقصد کی جانب تبدیل کرنے کی صلاحت (b) غیر مجرد تخیلات کی صلاحیت

(c) طبعی وسماجی ماحول سے مطابقت پیدا کرنے کی صلاحیت (d) فرد کی پوشیدہ صلاحیت جو آپسی تعلقات قائم کرنے میں مددگار رہوتی ہے

(iv) ہر ردعمل کے بعد جزا یا انعام ہو تو یہ کہلاتا ہے۔

(a) ضبطی بازتقویت (Controlled Reinforcement) (b) معینہ بازتقویت (Fixed Reinforcement)

(c) نسبتاً بازتقویت (Ratio Reinforcement) (d) تسلسل بازتقویت (Continuous Reinforcement)

(v) کسی بچے کا دوسروں کی مدد اور مدد کے بغیر سیکھنے کے درمیان پایا جانے والا فرق.................. کہلاتا ہے۔

(a) سماجی اسکافولڈنگ (Social Scaffolding) (b) علم کی تشکیل (Knowledge Construction)

(c) متصل علاقے کا فروغ (ZPD) (d) ہدایتی اسکافولڈنگ (Instructional Scaffolding)

حصہ دوم

-2 وقوفی (Cognition) سے کیا مراد ہے؟ تعلیم میں اس کی اہمیت کو بیان کیجیے۔

-3 ادراکی تنظیم کے اصول (Principles of Perceptual Organisation) کو بیان کیجیے۔

-4 تخلیقی عمل کے مراحل (Stages of Creativity Process) کو پیش کیجیے۔

-5 اکتساب (Learning) سے کیا مراد ہے؟ اکتساب پر اثر انداز ہونے والے عوامل کو مختصراً بیان کیجیے۔

-6 سوچ و فکر (Thinking) کی عمل کو پیش کرتے ہوئے اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

-7 تصور تشکیل (Concept Formation) پر مختصر نوٹ لکھیے۔

-8 مشاہداتی اکتساب (Observational/Social Learning) کے تعلیمی اطلاق کیا ہیں؟

-9 اکتسابی معذوریت (Learning Disability) سے کیا مراد ہے؟ اس کے اقسام بیان کیجیے۔

حصہ سوم

.10 کثیر ذہانتی نظریے کو (Multiple Intelligence Theory) کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

.11 تھارنڈائیک (Thorndike) کی اکتسابی نظریے کے اہم تصور (Concept Key) کو سمجھتے ہوئے درس و تدریس میں اس کی اہمیت کو بیان کیجیے۔

☆☆☆